سوال

(37) اہل حدیث اور حنفیوں کا اختلاف کن احادیث پر مبنی ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اہل حدیث کا اختلاف جو حنفیوں سے ہے وہ کن حدیثوں پر مبنی ہے۔ ان کے متعلق حنفیوں کا کیا جواب ہے۔ اختلافات اور جوابات سے مطلع فرمایا جائے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ان احادیث کا شمار تو مشکل ہے ہاں بعض کتابوں کا نام بتلادیتے ہیں۔ جن میں اکثر یہ احادیث یا اس قسم کے اقوال پائے جاتے ہیں۔ جیسے:

معانی آلاثار۔ طحاوی۔ کتاب الآثار امام محمدؒ۔ موطا امام محمدؒ۔ مسند امام ابوحنیفہؒ۔ ان کے علاوہ بعض احادیث یا اقوال صحاح ستہ میں بھی ہیں لیکن حنفیہ اور اہل حدیث کے اختلاف کی اصل وجہ یہ ہے کہ حنفیہ قیاس زیادہ کرتے ہیں اور حدیث کے صحت ضعف کا پورا امتیاز نہیں کرتے اور بعض دفعہ رائے کے زیادہ دخل دینے کی وجہ سے احادیث کے اصل مطلب کو نہیں پہنچتے۔ اور قیاس کے زیادہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ احادیث کی خدمت میں انہوں نے کم حصہ لیا ہے۔ جیسے حضرت شاہ ولی اللہ صاحب نے ''انصاف'' میں لکھا ہے۔

مولوی عبدالحئی حنفی لکھنوی نے ''النافع الکبیر فی شرح الجامع الصغیر'' کے مقدمہ میں اور بعض دیگر علماء نے اپنی تصانیف میں مذہب میں قیاس کے زیادہ ہونے کی وجہ یہی بیان کی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الایمان، مذاہب، ج1ص104

محدث فتویٰ